مدیر کے نام

عتیق الرحمٰن خلیل،
کراچی

آپ کے موقر جریدے وسطی ایشیا کے مسلمان کا مارچ - اپریل کا شمارہ ہمارے دارالکتب کی زینت بنا۔ طلباء اور اساتذہ نے اس کے مضامین سے بھرپور استفادہ کیا۔

آپ حضرات وسطی ایشیا کے بارے میں ایک بہت ہی احسن اور اہم کام کر رہے ہیں۔ جس سے اہلِ علم کو بہت مواد مل رہا ہے۔ آپ کے جریدہ کے مضامین دینی اور تاریخی نوعیّت کے ہوتے ہیں۔ جن کے مطالعہ سے معلومات میں اضافہ ہوتا ہے۔

یہ گرانقدر خدمت جو آپ انجام دے رہے ہیں، اِس پر ہماری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کے ادارے کو مزید کامیابی عطاء فرمائے، آمین۔

کامران فضل،
فیصل آباد

چند دن پہلے مجھے "وسطی ایشیا کے مسلمان" کے دو شمارے مل گئے۔ جن کے لیے میں آپ کا ممنون ہوں۔ تاہم دو باتیں ضروری ہیں۔

۱۔ پہلی بات تو یہ کہ میرا نام کامران فضل ہے کامران افضل نہیں۔ لہذا درستگی نام کر لیں اور "ا" کو کاٹ دیں۔

۲۔ جنوری - فروری ۹۵ء کے شمارے میں آپ نے رسالہ ہذا کی دوسری جلد کا اشاریہ دیا ہوا ہے۔ یہ دیکھ کر تسلّی ہوئی کہ رسالہ زیادہ پرانا نہیں اور افسوس اس بات کا ہوا کہ بہت اہم عنوانات اور اداریے وغیرہ مِس ہو گئے۔

میں یہ چاہتا ہوں کہ رسالہ ہذا کے تمام پرانے شمارے حاصل کروں جو میرے خیال میں بارہ بنتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس پرانے شمارے ہیں تو مجھے مطّلع کریں۔ میں مطلوبہ رقم بذریعہ منی آرڈر بھجوا دوں گا۔ اُمید ہے آپ مایوس نہیں کریں گے۔

[آپ کے نام کی درستگی کر لی گئی ہے۔ پُرانے شمارے موجود ہیں، بذریعہ وی پی پی ارسال کر دیے جائیں گے۔ مدیر]